# سوریہ

یہ وہ زمین ہے کہ جہاں شعلہ زن ہے خاک
اک مرگِ ناگہانی سروں پر ہے پُر ہلاک
یاں کتنی زینبوں کے سروں سے رِدا چھنی
تعداد اُن یتیموں کی دنیا نے کب گنی
جنکا نہ کوئی گھر ہے نہ اب کوئی سرپرست
جنکے دنوں کی رات ہے تاریک ، صبح پست
اب جنکو روز و شب پہ نہیں کوئی اختیار
گلشن کا ذکر کیا جہاں در آئے دشتِ خار
ملبے عمارتوں کے جہاں اب ہزار ہیں
ماؤں سے چھٹ کے بچے جہاں بےقرار ہیں
تہذیبِ شام لُٹ گئی گلشن اُجڑ گئے
امن و اماں کے باغ زمیں سے اکھڑ گئے
جلتی ہوئی زمینوں سے نکلے ہیں کارواں
ہجرت میں انکے ساتھ ہے اک دائمی خزاں
ہیں بارہ سالہ بچوں کے کاندھوں پہ شیرخوار
بہنیں ہیں لاپتہ تو زن و پیر سب نزار
کتنوں کی لاشیں ملبوں کے نیچے ہی رہ گئیں
کتنی جواں لہو کے دڑیڑوں میں بہہ گئیں
کب انکی ہڈیوں سے اٹھیں گے نئے چمن
کب اہل شام لوٹ کے آئیں گے در وطن

عزوارِد

Dec 2016 England